PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/PSRP /CIR/05-2026-1264 تاریخ: 06 مئی، 2026

محترم لائسینسیز پی ایس آر پی

عنوان: اسکولوں میں بجلی کے حفاظتی انتظامات اور عملدرآمد بارے ہدایات

السلام علیکم!

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اسکولوں میں زیرِ تعلیم طلبہ کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس سلسلے میں تمام لائسینسیز کو درج ذیل ہدایات پر فوری اور سختی سے عملدرآمد کرنے کا حکم دیا جاتا ہے:

اہم حفاظتی اقدامات:

1- کھلی تاروں پر پابندی: اسکول کی عمارت میں کہیں بھی کوئی ننگی یا کھلی تار (Naked Wire) نہیں ہونی چاہیے۔ تمام تاروں کو فوری طور پر پائپوں یا ڈکٹس (Ducts) میں محفوظ کیا جائے۔

2- بجلی کے بورڈز کی اونچائی: بجلی کے سوئچ بورڈز اور ساکٹ طلبہ (خاص طور پر چھوٹے بچوں) کی پہنچ سے دور اور محفوظ بلندی پر ہونے چاہئیں۔

3- تاروں کی مرمت: اگر کسی جگہ سے تار کٹی ہوئی یا پرانی ہو چکی ہے، تو اسے عارضی ٹیپ لگانے کے بجائے فوری طور پر تبدیل کیا جائے۔

بجلی کے آلات کا معائنہ: واٹر کولر، پنکھوں، موٹر پمپ اور دیگر برقی آلات کی ارتھنگ (Earthing) کو یقینی بنایا جائے تاکہ کرنٹ لگنے کا کوئی خطرہ باقی نہ رہے۔

نوٹ: کسی بھی حادثے کی صورت میں اسکول انتظامیہ کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (PSRP)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399